© rasailojaraid.com



# تبصرے

**قصص و مسائل** | تقطیع خورد، کتابت و طباعت عمدہ ضخامت ۱۳۲ صفحات قیمت مجلد ۱۲؍

پتہ:- ادارۂ اشاعتِ اردو حیدرآباد دکن

یہ کتاب مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی کے دو مقالات کا مجموعہ ہے جن میں سے پہلا مقالہ "قدیم مسائل جدید روشنی میں" آپ نے رضا اکاڈمی رامپور کے جلسہ میں ۲۰ دسمبر ۱۹۴۱ء کو اور دوسرا مقالہ "جدید قصص الانبیا" اسلامیہ کالج پشاور کی مجلس اسلامیات کے جلسۂ خصوصی میں ۱۸ جنوری ۴۲ء کو پڑھا تھا۔ کتاب کے دیباچہ سے معلوم ہوا کہ ادارۂ اشاعت اردو پہلے بھی مولانا کے بعض مقالات کا مجموعہ دو تین کتابوں کی شکل میں شائع کر چکا ہے لیکن یہ کتابیں ہماری نظر سے نہیں گذریں۔ زیر تبصرہ کتاب کے متعلق بے خوفِ تردید کہا جا سکتا ہے کہ یہ مجموعہ اردو زبان کے اسلامی اور مذہبی لٹریچر میں بہت قابل قدر اضافہ ہے۔ یہ دونوں مقالات دراصل مولانا عبدالماجد دریابادی کے اردو تفسیر و ترجمہ کے چند ٹکڑے ہیں جن میں بہت سی مفید علمی باتیں محققانہ رنگ میں بیان ہو گئی ہیں اور جن میں قرآن مجید کے بعض مشکل مقامات کو مولانا نے جدید علمی تحقیقات۔ تاریخی انکشافات اور کتب الٰہیہ قدیمہ کے بیانات کی روشنی میں کامیابی کے ساتھ حل کیا ہے۔ پھر ان سب چیزوں کو مولانا کے مخصوص اور دل نشین طرزِ نگارش نے اور دلکش اور موثر بنا دیا ہے کتاب جہاں عوام اور ہندو مسلمان سب کے لئے مفید اور دلچسپ ہے۔ علماء اور علوم عربیہ کے طلبا کے لئے بھی اس کی افادیت مسلم ہے۔ البتہ اس کا افسوس ہے کہ کتاب میں بعض جگہ طباعت اور کتابت کی افسوسناک غلطیاں رہ گئی ہیں۔ اس مجموعہ کو پڑھکر جہاں یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اگر مولانا کی تفسیر و ترجمہ سب کی سب اسی انداز پر ہوئی تو وہ کیا چیز ہو گی۔ ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی اردو کا ادیب جو انگریزی زبان اور علومِ جدیدہ سے واقف ہو۔ صحیح اعتقاد اور صحیح دینی جذبہ کے ساتھ



© rasailojaraid.com